15. C. 15.

A

COLLECTION OF URDU PETITIONS, &c.,

MADE UNDER THE ORDERS OF THE

GOVERNMENT OF INDIA,

FOR

HER MAJESTY'S CIVIL SERVICE COMMISSIONERS.

CALCUTTA:
OFFICE OF SUPERINTENDENT OF GOVERNMENT PRINTING.
1869.

نمبر ۱۳

مسکہ نندرام ولد مول چند قوم تنیجہ
سکنہ ڈیرہ غازیخان کاہون من مظہر نے عرضی دعوی
بنام خانن ولد قادربخش قوم چانڈیہ سکنہ ڈیرہ دایر
عدالت کئے ہاہین بباعث کاروبار مسمی پوکہرداس ولد رای
جسمل قوم نانگیہ کو مختار کار کیا ہی ہر یک ساختہ وپرداختہ
اوسکا منظور ہی لہذا مختارنامہ لکہدیا ئہ سند رہے

المرقوم ۱۳ مئی ۱۸۶۶ء

تمام ہوا

نمبر ۹۹

منکہ سوبارا ولد بولا قوم چکہر ساکن سکندر آباد پرگنہ شجاع آباد
اقرار کرتا ہون اسطور پر کہ مینے نوان حصہ چاہ خیرالدین والہ واقع
موضع سکندر آباد بنام کوڑامل ولد سورندامل قوم کہاتیہ سکنہ سکندر آباد
بعوض مبلغ ... کہ نصف اوسکی ... ہوتا ہین برضا و رغبت خود
بلا اجبار و اکراہ احدے رہن کیا اس شرط پر کہ راہن کاشت برداشت
پیداوار اس حصہ مرہونہ کی کرے اور معاملہ سرکار ادا کرے اور یہہ رہن
بطور سود قصور برابر کے ہی اور کوڑامل نے بشرط قصور سود برابر کے
قبضہ نوین حصہ پر بعوض ... کے کر لیا اور مینے زر رہن از
روے حساب بہی کہاتہ کے مرتہن کا دینا تہا اوس بموجب وصول
پایا کچہہ باقی نہین چہوڑا اور وقت ادا ہونے ... کے فک رہن
ہوجاویگا اسواسطے یہہ چند سطور بطریق رہننامہ کے لکہدیئے ہین
کہ عند الحاجت کام آوے المرقوم ۲۴ مئی ۱۸۶۶ء

ممالک پنجاب وغیرہ کتابی نمبر ۱۱ مورخہ ۳۰ اکتوبر ۱۸۶۱ء کے تحقیقات سرسری
فرماکر حقرسی بہری فرماوینگے فقط

عرضی
فدوی رامانند ساکن ملتان بتاریخ ۲۲ جون ۱۸۶۶ء

متفرقات

نمبر ۹۸

منکہ رانجہا ولد خورجہ قوم ملاح سکنہ تاجپور تحصیل ملتان اقرار کرتا
ہون اسبات پر کہ مینے مبلغ اما رکہ نصف اوسکی ما رہوتی ہین مسمے
دہرمون مل صراف ولد لیلا مل قوم بابرہ سکنہ ملتان سے بطور قرض کے
بمیعاد ایک سال تاریخ لینے روپیہ سے بہ تقرر سود ایکروپیہ ماہواری
لیا ہی اور بصورت عدم ایفاء وعدہ کے دہرمون مل کو سماہ روپیہ بحساب
ڈیہڑا کے ادا کرونگا لہذا یہہ چند کلمہ بطور تمسک قرضہ کے لکہدے
کہ سند رہے اور عندالحاجت کام اوے المرقوم ۱۰ اپریل ۱۸۶۶ء

بیہہ نیل دیا اور یہ بیّن ہی کہ مجھکو مدعا علیہ سے تیسرا حصۂ مشترکہ نیل کا بعوض اپنے قرضہ کے ملا مگر مدعیکو کچھہ نہین ملا لہذا اس گواہی سے کوئی شک مطلق نہین کہ مدعیکو بالعوض اپنے قرضہ کے نہ نقد اور نہ اور کچھہ ملا اسلئے حکم ہوا کہ ڈگری عہ ۱۲ ر ۱۳ پائی اصل سود مع کل خرچۂ عدالت بحق مدعی بنسبت مدعا علیہ ہو فقط

نمبر ۹

جناب عالیا

جو کہ مسمی رام سنگہ سکنہ ملتان نے بابت اجرای ڈگری اپنی تعدادی عہ ہزار روپیہ ڈگری مسمی ولیداد خان کے ایک بنگلہ واقعہ چہاونی ملتان حویلی شہر از روی سند رہن نامہ مورخہ اول مارچ ۱۸۶۶ ع تعدادی پندرہ ہزار روپیہ مصدقہ صاحب مجسٹریٹ ورجسٹرار بہادر چہاونی ملتان پاس ہمارے کے رہن ہی قرق کرایا ہی اسواسطے عرض رسا ہوں یقین کہ عدالت جناب سرکار مدار جوڈیشل کمیشنر بہادر

دعوی مبلغ ؏۱۲ر۶ پائی

اصل [illegible] سود [illegible]

یہہ دعوی [illegible] اصل و [illegible] سود کل [illegible] بنام مدعاعلیہ ہے کے
چہار برس چہار مہینے کا عرصہ ہوا کہ ایک تمسک مابین فریقین لکہا گیا جسمین
یہہ اقرار تہا کہ عوض اس نقد روپیہ و سود پیداوار حصہ زراعت نیلی
مقروض کا مدعیکو دیا جاوے جو مابین فریقین و مسمے اودہو کے مشترک ہے
مدعاعلیہ کہتا ہی کہ مینے اپنا خرچہ نیل مدعیکو سال بسال دیکر زر تمسک
وصول کر دیا مگر اوس تمسک پر کوئی ذکر اس معاملات کا نہین ہے
اور نہ سوای ہیرا کے کوئی گواہی باوجودیکہ ہیرا کو مدعاعلیہ نے
بلایا تو بہی ہیرا نے بیان مدعاعلیہ کو تصدیق نکیا جب عدالت کے
سامہنے مدعاعلیہ نے یہہ بات سنی وہ کہنے لگا کہ مینے نہ مدعیکو بلکہ ہیرا کو
نیل دیا مگر یہہ بات ثابت نہین کرتا ہی کہ ہیرا نے مدعیکو یہہ نیل دیا
یا نہ ہیرا کہتا ہی کہ مجہکو ضرور نیل ملا مگر مین جو اودہو کا نوکر ہون اودہو کو

جون سنہ ۱۸۶۶ع سے بامہری خود و با اندراج شاہدان حاشیہ کے بنام مدعی کو
تحریر کرا دیا تھا اور پھر باوجود مقیم ہونے چند مرحلہ در چھاونی پشاور زر
مذکور فدوی کو وصول نہیں دیا اور پھر تبدیل ہو کے سیالکوٹ کو چلا گیا
لاچار نالشی ہون کہ خیابعالی ازراہ خاوندی کے حضرسی بن مدعی کی مدعاعلیہ
مذکور سے فرماوین فقط

فدوی کریم بخش ساکن دوسرا علاقہ ہشتنگر صوبہ ۱۸ نومبر سنہ ۱۸۶۶ء

نمبر ۹۶

روبکاری عدالت دیوانی ضلع ڈیرہ غازیخان باجلاس مستر
مکالیف صاحب اسسٹنٹ کمیشنر بہادر واقع ۲۰ جون سنہ ۱۸۶۶ع

سے ملاوامل ولد لکھن مل	بنام سے حبال ولد علی محمد شاہ
قوم بہتانی سنا ساکن ڈیرہ	قوم لہیبرے ساکن ڈیرہ
غازیخان . . . . . مدعی	غازیخان . . . . . مدعاعلیہ

نمبر ۹۵

دیوانی بحضور جناب لفٹننٹ ہسٹنگ صاحب بہادر

مسمی کریم بخش ساکن قریہ دوسرا علاقہ پٹہ ہشتنگر ...... مدعی

بنام

غلام صفدر سوار رجمنٹ ششم ترپ چہارم سابق وارد چہاونی پشاور

حال وارد چہاونی سیالکوٹ .... مدعاعلیہ

دعوی ماصمہ سکہ چہرہ شاہی از قرار حجت ۲۲ جون ۱۸۶۴ع

بابت قیمت ایکراس اسپ مادیان برنگ چینہ وشاہران

جناب العالی

من مدعی بدعوی عنوان صدر نالش نمبری نسبت مدعاعلیہ

مذکور کے دایر کرتا ہون اور بیان دعویکا یہہ ہی کہ مدعاعلیہ مذکور نے

اسپ مادیان مذکور فدوے سے بقیمت ماصمہ مذکور پشاور مین لیکر اور

بالعوض ماصمہ مذکور کے تمسک بمقرری عہ ماہوارہ قسط ابتدا

دار اضی نیئم سور و ثه شوہرم بنام عباس دار سلہ و عزیز ساکنان قریہ نگے

ثپہ خلیل مدعا علیہم نالش لمبری رکھتی ہاہون اور بیان دعویکا یہہ ہی

کہ عرصئہ دو سال تخمیناً ہوی کہ شوہرم فوت ہوگیاہی اور مال اوسکا

بدین تفصیل مجید نام سے نقد سعہ اور کڑہ نقرہ سعہ ھنسلی نقرہ حمہ

نقد سیر داد نام سے نظر نام سے عسعہ فتح نام سے عسعہ عسعہ

بابت اراضی نیہم ۶ جریب تخمیناً جسکا ملکانہ سال کا لے بابت نر گاؤ نیہ

کلی للعہ سے شوہر کا مدعا علیہم نے لے لیاہی اور مین مدعیہ معہ دختر کے

واسطے اوقات گذاری سے لاچار ہون اسلئے لاچار ہوکر بدعوی

دلاپانے للعہ عرض ساتئن کہ طلب مدعا علیہم کے فرماکر حق رسانی فرماوین

کہ حق شوہر مین سے پہی ہاہون فقط

فدوی خانم جان معرفت عصمت اللہ اخوندزادہ

مورخہ ۱۵ جنوری ۱۸۶۴ء

حضور مین گذرانی تہی اور پیشگاہ حضور سے ہدایت نالش دیوانی
کی ہوئی ہی لہذا حسب الحکم حضور انور کے عرضی ہذا حضور مین گذرانکر
معارض ہین کہ بعد تحقیقات کے روبرو انصاف ہمارا فرماوین فقط

فدویان اتماسنگہ ولد الکہیت رای ہاڑی مل و لدوسی رام قوم
بانکی سکنای دینا پور پرگنہ میلسی مدعیان مورخہ ۱۲ دسمبر ۱۸۶۵ء

نمبر ۹۴

مسماۃ خانم جان سکنہ رنگی پتہ خلیل بنام عباس وارسلہ وعزیز سکنہ رنگی
معرفت عصمت اللہ اخوندزادہ سکنہ پتہ خلیل ۔۔۔۔ مدعا علیہم
قریہ پسید وٹری پتہ خلیل ۔۔۔ مدعی

دعوی دلاپانے مبلغ سے بابت وراثت شوہر کے

جناب عالی

مین مدعیہ بدعوی دلاپانے سکہ چہرہ شاہی بلغ نقد و زیور

نمبر ۳۵

نام مدعیان مع ولدیت وقومیت	اتما سنگھ ولد لکھپت رای وہاڑی مل ولد دیسی رام قوم بانکی
مسکن مدعیان	خاص دنیا پور پرگنہ میلسی
نام مدعا علیہم	نوردین مصر و ہیم چند مصر و جہانگیر رام ودرای مل و دہالو مل
مسکن مدعا علیہم	دنیا پور پرگنہ میلسی
خلاصہ دعوی	دخلیابی بابت عــہ اراضی واقع دنیا پور تخمیناً قیمتی عــہ
نام گواہان	جانجی رام و توتن مل و نوبت کہیار
تاریخ وقوع	۱۲ نومبر ۱۸۶۶ع

جناب عالی جو کہ ما فدویان بدعوی دخلیابی اراضی عــہ تخمیناً قیمتی عــہ بنام مدعا علیہم نقشہ مندرجہ عنوان بضابطہ دیوانی نالش کرتے ہیں بیان یہہ ہی کہ قدیم الایام سے اراضی متنازعہ ملکیت سائلان کی ہی کہ ہمیشہ وہاں شادی وغمی ہوتی رہی ہی اب عرصہ تخمیناً ایک سال کا گذرا ہوگا کہ مدعا علیہم نے بطور سینہ زوری اپنے کے اوپر اراضی متدعویہ فدویان کے قبضہ کر لیا ہی اور ہمکو بیدخل کر دیا ہی چنانچہ پہلے ہمنے بصیغہ فوجداری

بوجہ تحصیل ملتان ازان سایل ہین عرصۂ نہ سال تخمیناً سے مین نے
پاؤ اثار فی من زمیندارہ ادمل ہردو چاہان کا پاس مدعاعلیہ عوض
خرچ مرمت کے رہن کردیا اب اون سے خلاص کرایا چاہتا ہون نہ مدعاعلیہ
حساب خرچ کرتا اور نہ واگذار کردیتا ہی جو کہ شیکہ ہردو ادمل کا للعہ
تخمیناً ہوگا اسواسطے بموجب حساب للعہ زر رسوم بکر عرضی فدوی بصیغہ
دیوانی گذرانتا ہی اور استدعا ہی کہ بعد تحقیقات جو کچھہ مدعاعلیہ کا
نکلے مجھسے دلوایا جاوے اور ملک میرا واگذار ہوجاوے اور عوض مدعا
علیہ کو مین نے لاگت سے دیدیا ہی فقط

عرضی
فدوی امام بخش ولد نور احمد قوم ...
ساکن موضع ... تحصیل ملتان مورخہ ۱۹ دسمبر
بقلم اشاعت ...

جملہ ما عــہ کا دعویدار ہوں کہ مدعا علیہ طلب ہو کر روپیہ مع خرچہ
عدالت اوس سے دلایا جاوے اصل توبوں لف عرضی گذارش ہی فقط

فدوی عمر مدعی ساکنہ لاہور مورخہ ۱۲ اپریل ۶

نمبر ۹۲

نام مدعیان معہ ولدیت و قومیت و پیشہ	الٰہی بخش ولد کرم داد قوم [illegible]
سکونت مدعیان	موضع [illegible] تحصیل [illegible] ملتان
نام مدعا علیہ	الٰہی بخش ولد [illegible] قوم [illegible]
سکونت مدعا علیہ	موضع [illegible] تحصیل [illegible] ملتان
دعویٰ	[illegible]
نام گواہان	[illegible]
[illegible]	[illegible]

جناب عالی چاہ حساب داد والہ و دوم سمندری والہ واقع موضع

نمبر ۹۱

مسمی عمر مدعی سکنہ لاہور بنام زید مدعا علیہ سکنہ ایضاً

125 دعوی عدے اصل معہ سود از روی

تو بون بحروف فارسے

Feb 7

غریب پرور سلامت

جناب عالی بیان دعوی کا یہہ کہ زید مدعا علیہ نے بہاگن

سنہ ۱۹۲۰ مین نقد ایکسو روپیہ مدعی سے لیکر تو بون باقرار ادای سود ٹکہ روپیہ

ماہانہ بحساب فی صدی میعادی ۳ ماہ لکہدیا تہا سو آجتک مدعا

علیہ ہذا نے حسب اقرار معہودہ خود زر قرضہ ذمگی خود ادای کیا ہین ج

اور عند المطالبہ آرے بلے ایام گذاری کرتا ہی اور زر مندرجہ ہذا

ادای کرتا نہین ہی لہذا حسب نادہندگی مدعا علیہ کے مبلغ سو روپیہ اصل

مبلغ عدے بابت سود بحساب فیصدی سیکرہ از ابتدای تاریخ توبون

لغایت اخیر جیت سمت ۱۹۲۳ واجب دو سال ایکماہ ایزاد کرکے

جو کچھہ کمی و بیشی طلبانہ مین ہوگی پیچہے سمجھی جاویگی فقط

نمبر ۹

مدعی رام چند سکنہ لاہور بنام مدعا علیہ اللہ دیا سکنہ ایضاً

الیصال للعہ

غریب پرور سلامت

جناب عالی جو کہ مدعا علیہ مقدمہ اجرای ڈگری مرقومہ بالا مین پیشگاہ حضور انور سے مبلغ ۵ ماہواری اقساط مقرر کری تہی سو عالیجاہا میعاد تقرری قسط نامبردہ کی گذر گئی ہی تاہنوز زر قسط مدعا علیہ داخل سرکار مین نہین کئے لہذا عرض رسا ہوں براہ خاوندی کے طلبی مدعا علیہ کی فرماکر زر قسط ماہ گذشتہ کی دلائی جاوے واجب جانکر عرض کیا۔

عرضے

فدوی رامچند مدعی قوم کہتری ڈگریدار سکنہ لاہور مسرد ضمہ ۱۱ اپریل ۱۸۶۱ع

صدرالدین ولی سرپرست خواجہ بنام مرزا فدا علی و مرزا عنایت حسین پسر فدا علی

محمد و خواجہ محمود نابالغان نواسہ مرزا مذکور و سماۃ لاڈلی بیگم زوجہ عنایت حسین

امام بخش عرف ماہو بیگ..... مدعیان مذکور ساکنان شیلپورہ..... مدعا علیہم

دعوی دخلیابی نصف منزل مکان

منجملہ انکے ان مکانات کہ مرزا امام بخش بیگ مذکور واقع

شیلپورہ گنبد سبزی منڈی مالیت ایکسیو روپیہ کا

اس مقدمے مین تحریر ہونا اظہار میرزا چھوٹم بیگ کا جو مکان میرزا ظہور علی

ضلعدار نہر مقام کرل علاقہ مین پوری کے رہتا ہے ضروری ہے نظر بران حکم ہوا

کہ بند سوال مرتب ہوکر ذریعہ نقل سرکاری بنام اسبیل با دای محصول ومع

رجسٹری عالیخدمت مین جناب صاحب جج بہادر ضلع مین پوری کے بھیجی

جاوی اور گذارش ہو کہ صاحب ممدوح براہ مہربانی اظہار چھوٹم بیگ

مذکور کا حسب سرشتہ ممادی سوالات ملفوفہ طلب کرا کے براہ عنایت

جلد تر لطف فرماوین اور شرف عدالت طلبانہ معمولی ہمراہ اسکی بھیجی

رنگین صاحب بہادر اکسٹرا اسیسٹنٹ کمیشنر واقع ۲۲ اگست ۱۸۶۴ع

چہترمل مدعی بنام لچھمن داس و چنی لال وغیرہ مدعا علیہم

دعوی سما قیمت شکرتری خام

اس مقدمے مین دریافت کرنا اس امر کا ضرور ہی ہے کہ روانہ ہونا ۲۵ تاریخ

گوڑ کا مدعی اور لچھمن داس کی گاڑی پر پہیلا یا گیا یا لچھمن داس و

چنی لال مدعا علیہم کی گاڑی پر فقط اور یہہ گاڑی ۱۶ اپریل ۱۸۶۴ع

کو بمقام چوکی پہونچین ہین حکم ہوا

بجنسہ روبکار ہذا بخدمت صاحب کلکٹر پرمٹ دہلی بہیجکر التماس کیا جاوے

کہ صاحب ممدوح براہ مہربانی جلدی کلکتہ تک جواب لطف فرماوین فقط

نمبر ۸۹

روبکاری عدالت دیوانی ضلع دہلی باجلاس مستر جوزف فریزل

صاحب اسیسٹنٹ کمیشنر بہادر دہلی واقع ۲۳ اگست ۱۸۶۴ع

بہا ذر کار و بیگار سے معاف ہی واب ہمارے سے بیگار طلب
ہوئی ہی اور ہماری طاقت نہین کہ بیگار کرین و زمیندار ہمارے
اکثر بباعث فقدان آب زمینداری چہوڑکر چلے گئے ہین و باقی
ہی بباعث بیگار کے جاتے رہینگے اسلئے درخواست ہذا امرا د معافی
بیگار بدستور قدیم گذارش کرکے امیدوار ہین کہ حضور عالی براہ
مہربانی بیگار ہمارے سے معاف فرماکر بنام تحصیلدار نفاذ حکم بخشین
کہ ہمارے سے آیندہ بیگار نہ لیا کرے تا فدوی مزدوری شفقت کرکے
مال سرکار بانجام پہونچاوین واجب جانکر عرض کیا فقط

فدوی فیض طلب نمبردار ساکن

ٹپہ داودزئی مورخہ ۲۵ ستمبر ۱۸۶۲ع

دیوانی

نمبر ۵۵

روبکاری عدالت دیوانی ضلع دہلی باجلاس مسٹر ولیم ہنری

نمبر ۶

جناب عالی

جو کہ موازی پنج جریب اراضی واقعہ قریہ بازنی
پتہ خلیل ابائی واجدادی میرے قبضے زمین ہی اور اب زمین مذکورہ کو
بسبب حاجات فروخت کرنا چاہتا ہون اور مسمی فقیر برادرم اوس
زمین کو فروخت کرنے نہین دیتا اور نہ خود لیتا ہی لہذا گذارش
کرا امیدوار ہون کہ حضور والا برادرم کو طلب فرماکر فہمایش
کرین کہ زمین مذکور سے مزاحمت نکرے واجب تہا عرض کیا فقط

فدوی عباس ساکن بازنی پتہ خلیل مورخہ ۹ دسمبر ۱۸۹۶ء

نمبر ۷

جناب عالی

قریہ لنڈی بباعث فقدان آب از عملداری اوتمانخیل صاحب

مذکور ہمیشہ خفیہ طور ہنگام شب وارد کنندی مذکور بہ ارادہ وقوع
واردات آتا ہی اور جب وہ لوٹ کر جاتا ہی تو ہمکو اطلاع ہوتی
کہ رستے سے اوسکو دیکھکر ہمکو خبر دیتا ہی اس باعث سے ہمکو اطلاع
ہو جاتی ہی جناب عالی جگہہ لمبرداری کی خالی ہی امیدوار ہون
کہ فدوی کو براہ مہربانی مقرر فرما دین کہ باپ فدوی کا ہی سابق
لمبردار تہا اور فدوی انسداد آمد و رفت اوسکی بخوبی کریگا کیونکہ
قدیمی سے گوجر میان کا باپ ہی لمبردار تہا بعد فوتیدگی اونکے فدوی خورد
سال رہا بموجب خورد سالی میرے باپ مفرور کا لمبردار ہوا تہا
امیدوار ہون کہ حضور فدوی کو بجای مفرور مقرر فرما دین

عرضی
فدوے عباس ساکن قریہ نصری
ٹپہ دوآبہ مورخہ ۳۱ جنوری ۱۸۵۳ع

تمام اب ملکان دیہہ ہیں فی قلبہ سال تمام ہمارے سے وصول کرتی ہاہین ہرگاہ سرکار سے مقرر ہاین تو بہتر ہمکو بہر دو چشم قبول اگر زیادہ ستانی کی ہو تو برامی خدا غور ہماری کی جاوے کہ اسقدر زیادہ ستانی ہماری ہوتی ہی واجب جانکر عرض کی الہی اقتاب اقبال و دولت تابان رہے فقط

فدوی عیسٰے خان شریف وغیرہ زمیندارن

مورخہ ۳ فبروری ۱۸۶۰ع

نمبر ۵۸

جناب عالی

عرصہ اٹہہ مہینے کا گذرتا ہی کہ مسمی غلام محمد لمبردار قریہ نصری زئی ٹپہ دوابہ کندی ڈاگی خیل بعلت برامدن مال مسروقہ مسمی بادشاہ ساکن موضع مذکور مفرور ہوا تہا اور تمام

صغیرسن و نادار ہی ہر چند فدوی اوسکو کہتا ہی نصف
بند مذکور ہمارا کہ تم کاشت کرتے ہو لچھہ پار سال کی بہی ہمکو
دیوا اور آیندہ نصف زمین اپنی دوسرے کو کاشت کرنیکے لئے دونگا
ماہبردہ نہ لچھہ ہمکو دیتا ہی نہ بند ہمکو کاشت کرنے دیتا ہی اسلئے
عرض رسا ہوں کہ حضور انور طلبی مسمی گامن کی فرما کر حق رسی
میری فرماویں فقط

عرضی
فدوی توکومل ولد ستیل مل متوفی قوم کاریہ
سکنہ ڈیرہ غازیخان معرفت عنایت اللہ رجب مرقومہ ۲۶ جنوری سنہ ۱۸۵۶ع

نمبر ۲۶

جناب عالی

روز اول جو کہوٹ ہمارے گانو کی ہوئی اور ہم
عرض کئے تھے کہ قلبہ ہمارے کا کیا جمع سال تمام حضور فرمایا کہ عنقریب سال

جو حضور انور راہ خاوندی سے غلہ ہیرا واپس کرا دیوین اور جسقدر

کہ زر تہکہ سابقہ ذمہ سائل کے ہی پٹواری ہاسے موجب قدیم سال

گذشتہ بندہ کے لیوے جو فدوی حق اپنے کو پہنچکر بیچ وطن کے گذران کرے

اینده حضور مالک ہے

فدوی غلام حیدر کہوسہ معروضہ ہشتم ماہ فنبر ۱۸۶۵ع

نمبر ۸۳

غریب نواز سن سلامت

جنابعالی ایک بند موسومہ وار والہ واقعہ حد تبی

جبرداران کے ہی کہ نصف بند مسمی حامد قوم جبردار سکنہ حد مذکور بمقابلہ

نو دو یکروپیہ پاس باپ بیر کے گرو رکہا تہا کہ ابتک کچہہ اوسکی باپ

لیتا رہا ہی اب باپ ہمارا اسسے سیتل مل فوت ہوگیا ہی مسمی گامن

ولد حامد قوم جبردار سکنہ حد مذکور روپیہ کچہہ ہمکو نہین دیتا اور فدوی

نمبر ۸۲

غریب نواز من

جناب عالی عرصہ چودہ برس کا گذرا ہی کہ قبلہ عالم
مسمی کوڑا خان باپ ہمارا زمینات آبائی واجدادی واقعہ بالمل
کو بیٹوں اپنے کو واسطے گذران کرنیکے تقسیم کردیا تہا جو ہم تمامی
انکو آباد کرکے گذران کرتے ائے ہون جسروز کہ عملداری سرکار
ہوئی ہی بموجب پیداوار زمینات ہر بٹی کے زر مشخصہ مقرر ہوا
اوسی روز کا ہر کوئی زر ٹہیکہ زمینات مقبوضہ اپنی اپنی زمینات کا
معرفت پٹواری کے سرکار مین بہرتا آے ہین۔ اب سکندر خان نے
معرفت تہانہ دار کے اکر زبردستی غلہ جنسی پیرا اٹھالیگئے ہین سائل
مسمی برخوردار خان بہائی اپنے کو بہجا سکندر خان مذکور
برخوردار خان کو کم بخش کہا۔ سائل اگرچہ اُسسے کمزور نہتا لیکن
لحاظ آئین سرکار سے خاموش ہوکر حاضر ہوکر عرض کرتا ہون

شخص شرکایان کے زمین متصرف ودینا بموجب حصہ کے تقسیم ہو
جاوے مگر مدعا علیہم نے سبب تقسیم زمین کے متصل دریا کر کے
کہا تہا کہ اگر تیری زمین دریا برد ہوئی تو تمکو مجرا دیا جاویگا مگر
اب زمین فدوی کی دریا برد نہایت نقصان منظر کا
ہوا ہے و مدعا علیہم کو کہتا ہون کہ حضور زمین فدوی کی دریا
برد ہوئی ہی مجھے دیدو مگر مدعا علیہم برخلاف اقرار در رواج
ملک مجھے مجرائی نہین دیتے ہین جو کہ سوای استان حضور جای عذر شنے
نہین ہی لہذا امیدوار ہون کہ حضور اسقدر براہ رعیت
نوازی کے مجرائی زمین دریا برد مدعا علیہم سے مجرا دلا کر انیدہ کو بموجب
منشای حکم مجوزہ ڈپٹی صاحب بہادر تقسیم کرادیوین

فدوی منیض طالب ساکن لنڈی پٹہ داودزئی مورخہ یکم اپریل ۱۸۶۳ء

faisalah

کہ مین از روی مسل ستدایرہ محکمہ ریڈل صاحب بہادر کے
جو عرصہ ایکماہ سے داخل ہوئی ہی ابتک حق مالکانہ دستے چکا
ہون کچہہ باقی دینا مدعیکا نہین سو بملاحظہ مسل منفصلہ محکمہ ریڈل
صاحب بہادر وصول ہونا ازرمستدعویہ بمدعی پایا نہین جاتا
لہذا حکم ہوا کہ ڈگری مبلغ اصل روپیہ طلبانہ جملگی کی
بحق مدعی نسبت مدعا علیہ ہووے اور سارٹیفکٹ میعاد
۱۵ یوم دیا جاوے مسل داخل دفتر فریقین رخصت ہون فقط

نمبر ۱۸

جناب عالی

سوا زی اٹہہ بسوہ زمین وزدی کے سمیان
محمد و یوسف مدعا علیہم ساکنان قریہ لیسنڈی ٹپہ داودزئی کہ
مشترک تہا اور عرصہ تخمیناً تین برس کا گذرا ہی کہ ڈپٹی صاحب
بہادر نے حسب نالش یوسف مدعی حکم تقسیم کا کرکے فرمایا تہا کہ ہر سہ

نمبر ۸

روبکار عدالت دیوانی مال با جلاس سید معصوم علی خانصاحب

اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر بہادر ملتان تاریخ ۸ مارچ ۱۸۶۶ء

سکندر خان ولد شہباز خان | بنام | مسلم ولد دلیل قوم تہاران
قوم جوئیہ سکنہ دنیا پور پرگنہ | | سکنہ میران پور پرگنہ لودہران
سیلسی .... مدعی | | .... مدعا علیہ

دعوی دلاپانے مبلغ عہ۱۲ حق مالکانہ دہنہ

یک آثار بابت چاہ دنہ والہ واقع موضع میرانپور

ابتدای خریف سمبت ۱۹۲۱ لغایت سمبت ۱۹۲۲

بملاحظہ مسل مقدمہ ہذا کے واضح ہوا کہ مدعی دعویدار ہوا ہی عہ۱۲ کا اور

حساب کیا ہی اوپر پیداوار مندرجہ کاغذات بندوبست نو بیان

پٹواری اور کاغذات بندوبست سے عہ۱۲ لیے خریف سمبت ۱۹۲۱ وربیع سمبت ۱۹۲۲

خریف سمبت ۱۹۲۲ عہ۱۲ صرف مدعی کے ثابت ہوتے ہیں مدعا علیہ کہتا ہی ۱۲ نے بیان

عہ۱۵ ۱۵

6-13
1.9
9.5
6.13
3.9.7
2.13.5
6.13

جاوے کہ ثبوت مالکی اراضی متدعویہ مین گواہ اور کاغذات

بندوبست موجود ہین ملاحظہ فرمایا جاوے فقط

فدوی بکر مدعی سکنہ لاہور مرقومہ ۱۲ اپریل ۱۸۶۴ع

نمبر ۷۹

جناب عالی

چونکہ نصف دہنہ چاہ موسومہ حوض والہ مظہر نے

بمقابلہ پنجصد روپیہ سکہ چہرہ شاہی کے پاس میان بخش ولد محمد یار

و بخش ولد حیندو و عیسے ولد خمیسہ و رمضان ولد عیسے بخصہ مساوی

فروخت کرکے بیعنامہ حسب ضابطہ لکھدیا ہے اور رجسٹری کرا

دی ہے اسواسطے پرچہ پٹواری نمبر شمار نمبر منتخب نتھی عرضی ہذا

گذرانکر امیدوار ہون کہ حسب ضابطہ داخلخارج ہو جاوے اور میرا نام

اخراج پاوے فقط بخش ولد برخوردار ذات اوتیوال سکنہ ملتان موضع بہاجپور

نمبر ۵

مسمی بکر مدعی ساکن لاہور بنام زید مدعا علیہ سکنہ ایضاً

دعوی دخلیابی للعہ بیگہ اراضی

جمعی عــہ روپیہ ازروے اقرار مدعا علیہ

غریب پرور سلامت

خداوند بیان یہہ ہی کہ مدعا علیہ نے زمین مذکور بالا

بقرار ادای نصف حصۂ پیداوار مدعی سے لیکر کاشت کیئے تھے

سو عادلا دو سال سے مدعا علیہ کاشت کرتا ہی اور یہہ بہی مدعا علیہ نے

بروقت لینے اراضی متدعویہ کے اقرار کیا تہا کہ عند الضرورت

مدعی اراضی حوالہ مدعی کر دونگا گواہ بہ ثبوت قول و اقرار مدعا علیہ کے

ہی اور نصف حصہ پیداوار سے مدعا علیہ نے مجھکو بانٹ دیا ہی اور

حسب اقرار معہودہ خود دخل دیتا نہیں ہی لہذا امر لا چاری

بصیغہ نمبری نالش دعویدار ہوں کہ اراضی متدعویہ پر دخل دلایا

مرتب کرے تو وہ مستوجب سزا قید تین سال کا ہی چونکہ یہہ پٹواری
بہی ملازم سرکاری ہی اور اوسنے کاغذات نکاسی وفرد
دستخطی اپنے مین کاشتکاران غیر موروثی کو بہ احتمال پہونچانے
نقصان ہمارے کیکو موروثی اور کیسکو غیر موروثی
لکھدیا ہی اور اپنے اظہار تحصیل مین سب کو کاشتکار موروثی
لکھایا ہی پس بموجب دفعہ ۱۶۷ باب ۹ تعزیرات ہند کے
پٹواری لایق تدارک ہی لہذا بامید تدارک پٹواری مذکور
عرضی حضور مین گذران کر امیدوار کہ طلبی پٹواری کی ہوکر
علت مذکورہ بالا مین سزا ہووے تاکہ پھر کوئی ایسی حرکت نہین کرے

عرضی

فدویان امین چند وتعلی مل بسوہ داران موضع ہولمبی خرد
پرگنہ دہلی مورخہ ۹ جون ۱۸۶۳ء

انواع انواع طرحکا نقصان پہونچاتا ہی چنانچہ اب جال ہین جو
مسمیان مہارام د ونبے ورام دت وبجالا گہبسا وممن و
جیونا ہمارسے کاشتکاران غیر موروثی تہے اونکو اظہار مین تاریخ
۹ ماہ ستمبر ۱۸۶۲ء کو محکمہ تحصیل مین ونیز اظہار حلفی محکمہ لفٹننٹ
چارلیس اودلیس ڈیکانز و صاحب بہادر اسیسٹنٹ کمشنر کاشتکاران
موروثی لکہوادیا اور نکاسی وغیرہ وکاغذات بندوبست مین
وہ لوگ کاشتکاران غیر موروثی لکہی ہوئی ہین اور جو ہمنے فرد
پٹواری مذکور سے طلب کری تو فرد بہی بہ نسبت نقصان پہنچانے
ہمارے جان بوجہہ کر غلط بنا کردی یعنے جو لوگ کہ کاشتکار غیر موروثی
منجملہ اونکے کسیکو موروثی اور کسیکو غیر موروثی لکہدیا چونکہ یہہ چال لا کی
پٹواری کی صرف واسطے ضرر و نقصان پہنچانے ہمارے کے ہی اور ملازم
سرکار کے واسطے باب ۹ دفعہ ۱۶۷ تعزیرات ہند مین صاف لکہا ہوا ہی کہ جو کوئی
شخص ملازم سرکاری کسی شخص کے نقصان پہونچانے کی نیت سے غلط دستاویز

اگر اسطرح پر جور و ظلم کرینگے تو کیونکر گانون مین ابادی رہیگی اور
بعد میری خاوند اگر اوسنے کہا تو اوسکو بہی مارا کہ وہ گانون سے چلا گیا
اور اوسکا پتہ بہی نہین ہی لاچار ہوکر حاضر حضور ہوئی ہون اور
عرضی سرکار مین دیتی ہون امیدوار کہ طلبی مدعا علیہم کی ہوکر
باہتک عزت وگرانے حمل وکرنے مارپیٹ کے بموجب تعزیرات کے
سزا ہووے تا کہ وہ پہر کسیسے ایسے حرکت وزیادتی نہین کرین فقط

فدویہ مسماۃ ہر دیوی دختر بدہا قوم چمار ساکن ہلالپور پرگنہ دہلی
معروضہ ۲ جون ۱۸۶۳ع بعلم سوہن لال

نمبر ۱۴

جناب عالی

خداوندا اسمی راجی لال تیواری موضع ہولمبی خورد
پرگنہ دہلی ہم فدویان سے عداوت قلبی رکہتا ہی کہ بباعث عداوت

عرضی دیتی ہون امیدوار کہ طلبی مدعا علیہم کی ہوکر بابت بدفعل کرنیکی بموجب تعزیرات ہند کے سزا ہووے ۔

جناب عالی

عرض حال فدویکا یہہ کہ بوقت دو تین گہری

ہے کی فدویہ نے بہینس واسطے چرائی کی کہولی چنانچہ مسمی بوٹا کا

مکان میرے گہر کے نزدیک ہی کہ اوسنے میرا ہاتہہ پکڑلیا اور براہ

زبردستی مجہسے فعل بد کیا جب مینے شور غل مچایا تو مسمیان کنہیا و دیا رام

و رام کرشنا ہر نے انکر مار پیٹ کیا کہ ایک لات مسمی کنہیا نے میرے

پیٹ مین ماری کہ جو حمل دو تین مہینے کا تہا سو وہ گر پڑا اور

پانی ہوکر نکل گیا فدویہ نے تہانہ علی پور جاکر اطلاع کری تہانہ دار نے

ہدایت نالش کی کری چونکہ مدعا علیہم نے بڑی زیادتی کری کہ ایک تو

براہ جبر فعل بد کیا اور دوسری میرا حمل گرایا کہ میرا دعوی خون کا

وعتاک عسر رکھا نسبت مدعا علیہم ہی اور مدعا علیہم بہت شورہ پشت ہین

کسی امر سے یا کسی کام جایز کا ترک کرے یہہ اعانت ہی اور
اسمین سماۃ ابدرہ منکوحہ و بالغہ و عاقلہ ہی اوسکو خوب معلوم ہے
کہ اگر پوشیدہ اپنے خاوند سے جاوین تو ہم گنہگار ہین لیکن
اوسنے اپنے خوشی سے اپنے آپکو طوری فرار کرنے دیا ہی پس یہہ
عدالت نسبت ابدرہ یہہ تجویز کرتی ہی کہ مسماۃ ابدرہ اوس جرم کے
مرتکب ہوئی کہ جسکی سزا دفعہ ۱۰۰ تعزیرات ہند قرار پائی ہے
لہذا حکم ہوا کہ طوری مدعا علیہ اٹھ ماہ قید اور منجملہ قید سے دو ماہ
قید تنہائی اور عسہ جرمانہ ورنہ دو ماہ اور قید اور جرمانہ
وصول ہووے تو نصف حصہ مدعی کو دیا جاوے اور مسماۃ ابدرہ دس
ماہ قید مین داخل دفتر ہووے یکم می ۱۸۶۸ء

نمبر ۶۷

خلاصہ یہہ کہ مدعا علیہم مسندرجہ عرضی نے براہ جبر مجھسے بدفعل کیا
اور دو تین مہینے کا حمل گرا دیا اور مار پیٹ کیا لاچار حاضر ہو کر

نمبر ۵

فیصلہ یکم مئی ۱۸۶۵ع

اس مقدمے مین ہمارے نزدیک جرم بنسبت طوری صاف ہے
روئیداد گواہی سے ظاہر ہی کہ سماۃ ابدرہ و طوری ایک ہی وقت
گانون سے فرار ہوے پہر طوری اوس دن سے اجتک گانون مین
نہین ایا یہہ بہی ظاہر ہی کہ اگر یہہ شخص مجرم نہوتا تو ضرور گانون
مین آتا کسواسطے کہ یہہ موضع پیر پیائی جای سکن طوری کا ہی اور
والدین طوری بہت دن سے اس گانون مین اباد ہین اور یہہ بہی کہ کوئی
بیان مدعا علیہ نہین کر سکتا ہی کہ ہمارے مدعی کے کچہہ عداوت ہی اسواسطے
عدالت یہہ تجویز کرتی ہی کہ مسمی طوری پر وہ جرم قرار پایا کہ جسکی
سزا بموجب دفعہ ۴۹۸ تعزیرات ہند کے قرار پایا ہی اور نسبت سماۃ
ابدرہ سایل کچہہ شک نہین ہی کہ اوسنے اپنی رازداری مین اعانت کری
اور دفعہ ۱۱۰ کے اسیوم مستثنی مین درج ہی جو کوئی دیدہ و دانستہ

مالیت تخمینا اسی روپیہ چوری کرکے لیگئے ہین اور سراغ تہانہ
مسروقہ معہ سراغ دو کس مجرمان موضع واردات سے روان ہوکر براہ
سڑک ضلع جانب شمال تا خاص تونسہ اوتہالا ہوئے ہین امید وار
تدارک سراغ براری اینده ہو۔ حسب الحکم برطبق اطلاع رسانی مدعی
محرر تہانہ ہذا کو معہ دو برقنداز اور سراغی واسطے گیرائی مال
مجرم بہ پیروی سراغ جانب شمال روانہ کیا ہی اور جمعدار تہانہ
کو معہ سراغی واسطے پختگی سراغ و مال مجرم روانہ موضع واردات
کیا ہی اور ایک خط بنام تہانہ دار تہانہ گرانگ ضلع ڈیرہ اسمعیل خان
باطلاع واردات ہذا اور تلاش مال مجرم لکہہ بہیجا ہی عقب کیفیت
ثانی ارسال حضور ہوگی فقط

عرضی

فدوی فاضل شاہ

بیست نہم نومبر ۱۸۶۹ء

از تہانہ

مدعا علیہم کو سزا نہوئی تو وہ نہایت بالادستی پیدا کرینگے ورنہ
وشب خوف اونکے سے مخوف رہونگا بلکہ مجھکو برملا کہتے ہین کہ
تمکو جان سے ہلاک کرینگے اور یہہ بدمعاش بموجب تعزیرات ہند قابل
سزاے سنگین کے تھے امیدوار ہون کہ حسب عدالت سزا اونکی
فرماوین تا عبرت واسطے اور ونکے بہی ہو اور فدوی بغور رحق
پہونچکر دعاگوئی کرون فقط

عرضی

فدوی کیور بہٹیارہ ساکن قریہ سنگرور ضلع لودہیانہ ۱۸۵۵ع

نمبر ۳۰

عرضی بنام سرکار

خداوندا آج ہنگام آٹھ بجے دن کے مسمی مسلم ولد نور
قوم لشاری سکنہ حد موضع بہور مدعی حاضر تہانہ ہوکر بیان کیا
کہ رات دو کس مجرمان نامعلوم الاسم ایک مہار شتر ملکیت میرا

واسطے دریافت واردات مذکورہ آیا تو مجروح مذکور نے
بزبان خود بحالت ثبوت عقل و ہوش مجروح ہونا ہاتھ مسمیان
مذکورۂ صدر سے بیان کیا کہ وہ بیان اوسکا درج روزنامچہ
تہانہ مین ہی اور مجروح مذکور بعد بیان بسبب اوسی جراحت کے
مرگیا اور مدعا علیہم ماخوذ حوالات ہوکے بعد چند مسماۃ صاحب جان
و چکین بدون ضمانت رہا ہوگئے اور علی و اکبر جو بدمعاش نامی
گرامی تھے اور حال بدمعاشی و بدچلنی انکا ملاحظہ مسل سے اور بیان
نمبرداران دیہہ و سکنای گرد نواح سے ظاہر بعد گذرنے آٹھ مہینے
ایک ماہ تخمینا ہوا کہ علی و اکبر بہی بلا ضمانت نہین معلوم کہ کس
فریب سے رہائی پا گئے چنانچہ کپتان مری صاحب بہادر نے فرمایا تہا
کہ اشتباہ دعوی قصور کا دربارۂ بدمعاشان ثابت معلوم ہوتا ہے
مگر بدنصیبی عارض سے اجتبک کچہہ غور عارض کے نہوئی بلکہ وہ بدمعاش
نسبت فدوی قصد مارنے کا کرتے ہین جناب عالی فدوی علیحدہ اور

کشادہ ہوتے چورسنے وہ نہین اٹھاے اور نمبر ۳ مین ایک نیا لگاتار
لگے جسکو کوہیلی کہتے ہین پڑا تہا اور اوسمین مبلغ نقد عبث پڑی تہی
وہ سرقہ نہین ہوے اور یہ بہی واضح حضور ہو کہ چہار طرف موقعہ
مکانات ہندوان وغیرہ زیادہ ہی لہذا نقشہ مفصلہ ذیل الاسکان
مرتب کرکے گذارش ہے کہ بعد ملاحظہ کیفیت نقشہ جو ارشاد فرماوین
عامل ہووے معروضہ ۱۰ جون ۱۸۶۶ء

فدوی سکندر خان جمعدار چوکی ڈیرہ

نمبر ۳۷

جناب عالی

عرصہ نو مہینے تخمیناً ہوا ہی کہ مسمی محمود برادر من
عارض کو مسمیان ارجلی و اکبر برادر زادہ جکن دستار ساکنان سنگو مدعاعلیہم مجروح کیا تہا و در حین مجروحی تہانہ وار

سپاہی مفرور ہی اور نسبت نمبر ۲ کہ بھی ایک گمان ہی کہ
ایک سائیس سارجنٹ پچہم مقیم ڈیرہ اسمعیل خان سے ایک سائیس
صدرالدین نائب کا فرار ہوا ہی چونکہ رہائی ہر دو کسان بدون
اخذ ضمانت تہانہ سے مناسب نہتی لہذا دونو کو روانہ حضور
کیا گیا ہی ۲۷ اکتوبر سنہ ۱۸۵۸ع

عرضی فدوی امیر علی تہانہ دار

نمبر ۲

جناب عالی

واضح رای عالی ہو کہ موقعہ واردات نمبر ایک مین
مبلغ دو صد روپیہ نقد جو غلہ نخود مین مدفون تہے سرقہ ہوا ہی
اور نمبر ۲ مین ایک صندوق محمولہ زیورات مالیت پچاس روپیہ

مستغیثہ چوکی تہانہ ہذا دو کس مرد مشتبہ کو اندرون توسے
گرفتار کرکے تہانہ ہذا مین لایا بر طبق اوسکے جو نام بردگان سے
پوچہا گیا کہ تم کون ہو اور کہان سے آئے ہو ایک شخص نے نام اپنا
شرفا ولد مہندہ قوم مٹی ساکن بوٹی علاقہ ضلع جہلم اور آنا
اپنا طرف ڈیرہ غازیخان سے اور جانا بسمت ڈیرہ اسمعیل خان
اور ثانی نے نام اپنا ڈل سنگہہ ولد تہہ سنگہ قوم ہلالخور ساکن سابق
گورگانون ملک ہندوستان اور آنا اپنا طرف کوٹ مٹہن
بعد پہونچانے ڈاکٹر جک صاحب اور جانا بسمت ڈیرہ اسمعیل خان
بامید نوکری بتلایا اور چٹہی انگریزی بہی کہ جو ڈاکٹر صاحب سے
حاصل ہوئی تہی دکہائی مگر چونکہ خواندہ انگریزی اس جگہہ کوئی
نہ تہا کچہہ پتا نہ ملا اور بعد ازان جو کتاب حلیہ مفروران دیکہی گئی تو
نسبت شرفا خود ملزم کے اشتباہ مفروری از پلٹن نوکرہ جہلم سے
بہرتی ہوکر آئے تہے پایا گیا یعنی کہ ایک شخص حیات خان نامی

کہ دوسری جگہہ باندون سو عدالت مین اظہار لکھانے
وقت روپیہ کہو سے اور باندنی کی کیا ضرورت تھی اِس
صورت مین ہمارے نزدیک مدعا علیہ کو بہ نسبت جرمانہ کے
قید زیادہ موثر ہی کسواسطے کہ جرمانہ ہونیکو اوسکا باپ
طیار معلوم ہوتا ہی لہذا حکم ہوا کہ سنگین مدعا علیہ
چہہ ماہ مع جولان و مشقت قید رہے اور چونکہ باپ مدعا علیہ
واسطے اپنے بیٹے کے بچاؤ کے رشوت دی لہذا ہمنے
اوسکو سزا نہین دی مسل بعد اجراے وارنٹ اور روبکار
اطلاعی ضلع گوگیرہ داخل دفتر روپیہ رشوت کا ضبط کیا
مدعا علیہ کے باپ کو دی جاوین ۱۲ دسمبر ۱۸۶۰ع

نمبر ۱۸

قریب ۱۸ سال

واقع تباریخ ۱۷ امر وزہ قیصد خان سوار پولیس

نمبر ۱۵

روبکاری عدالت فوجداری ضلع لاہور باجلاس مسٹر اکلٹ علی خان
صاحب بہادر اکسٹرا اسیسٹنٹ کمیشنر بہادر ۲۱ دسمبر سنہ ۱۸۶۰ع

سرکار مدعی بنام سگر مدعا علیہ

علت اقدام چوری مویشی

جرم اقدام چوری نسبت مدعا علیہ کے بچند وجوہ ثابت ہے
اول یہ کہ سمت سرد کی دنون مین ادمی راتکو اپنے گانون سے
چھ کوس غیر گانون مین تنہا کسواسطے گیا اگر سنٹ کی قیمت
پوچھنے گیا تھا تو یہ وقت اور موقع قیمت پوچھنے کا نہین ہی
دوسرے بھاگ گیا اور پگڑی و لنگی چھوڑ گیا تیسرے عیسے لمبردار کو
ایک روپیہ رشوت کا اوسکے باپ نے دیا چوتھے پانچ روپیہ
رشوت کے بیان اظہار نویس کو باپ مدعا علیہ کا دیتا تھا چھٹے
باپ اوسکا کہتا ہی کہ بیٹے کہول کر شہرہ اجلاس مین رکھ دی ہی

نمبر ۶۹

زید ساکن لاہور مدعی * بنام بکر مدعا علیہ

* علت زد و کوب بموجب دفعہ ۳۲۳ تعزیرات ہند *

جنابعالی

عرضی نالش بصیغہ فوجداری دعوی علت مارپیٹ
بموجب دفعہ ۳۲۳ تعزیرات ہند بنام بکر مدعا علیہ کے گذارش حضور کرتا
ہون بیان یہہ ہی کہ مدعا علیہ نے نہایت چوب لاٹھی سے مار کوٹ
کری اور نشان اوپر بدن مظہر کے ظاہر ہیں مدعا علیہ مرتکب
جرم دفعہ مذکور کا ہوا لہذا دعویدار ہون کہ بعد تحقیقات کے
مدعا علیہ کا تدارک ہو اور گواہ موجود فقط واجب تھا عرض کیا

عرضی زید مدعی ساکن
لاہور مورخہ ۱۲ اپریل
۱۸۶۶ع

نمبر ۶۸

محکمہ فوجداری بالارادہ ضرر پہونچانا حسب دفعہ ۳۲۳ تعزیرات ہند

محمد بخش ولد حیات محمد قوم کہتیک سکنہ ملتان مستغیث | بنام جبندہ وقبول والہ بخش و الہ یار ومسماۃ مراد ومسماۃ غلام فاطمہ اقوام کہتیک سکنہ ملتان مستغاث الیہم

بالارادہ ضرر پہونچانا حسب دفعہ ۳۲۳ تعزیرات ہند ✻

پرسوں کے روز واقعہ ۲۲ جنوری ۱۸۶۶ء مستغاث الیہم نے فدوی کو ناحق اور بیواسطہ پکڑ کر بالارادہ لکڑی سے ضرر پہونچایا کہ نشان برچہرہ مظہر موجود ہیں گواہ اس بات کا پلیہ پاولی ودتہ وغیرہ بہت ہیں رپورٹ اسباب کی کوتوالی سے ہمرشتہ ہذا ہے بعد تحقیقات وثبوت جرم مستغاث الیہم کو سزا ہووے

عرضی

فدوی محمد بخش ولد حیات محمد قوم کہتیک سکنہ ملتان مستغیث مرقومہ ۲۴ جنوری ۱۸۶۶ء

نمبر ۶۷

جناب عالی

ایام گرمی اب قریب ہے اور ہر سال جیسا معمول مرمت اور رنگ سازی ہواکش اور طیاری ٹہاٹ ٹٹی خس کی قبل سے کیا جاتا ہی اسواسطے کہ وقت پر ہرج نہو حکم صادر ہو تا اہستگی سے کیا جاوے اطلاعاً عرض کیا۔

العبد

کمترین بستی لعل ناظر عدالت صدر اگرہ معروضہ ۱۵ فبروری سنہ ۱۸۶۶ع

رسپانڈنٹ متوفی قایم نہین ہوا اور ایک مرتبہ عدالت سے مہلت
چار ہفتہ کی عطا ہوئی تھی اب بتجویز پیروکار مقدمہ منجانب
اپیلانٹان معلوم ہوا کہ ہنوز کوئی وارث قایم نہین ہوا نزاع وراثت
درپیش ہی اسواسطے امیدوار ہون کہ چار ہفتہ کی مہلت
اور عطا فرمائی جاوے فقط

العبد
لطف علی وغیرہ اپیلانٹان معرفت اسد علی وکیل

نمبر ۶۶

بعرض بندگان عالی خداوند نعمت دام اقباله
میرساند

خداوندا فدوی بحصول رخصت بضرورت
انجام کار شادی لڑکی اپنی کے الہ آباد گیا تھا آج اندر میعاد رخصت
اپنے کام پر حاضر ہوا اسواسطے اطلاعًا عرض کیا فقط

عرضی [illegible]
مورخہ ۱۳/ اپریل [illegible]

نمبر ۶۴

نمبر ۸۴ اپیل خاص ۱۸۶۶ع

خداوندان نعمت سلامت

بموجب دفعہ ۲۴ کے ۱۸۵۹ء کے یہ عذر ہی کہ مدعی کی دعوی مین تمادی ایام عارض ہی اور دعوی بعیبات کا قابل سماعت نہین ہی *

العبد
ناگلنو ر سپانڈنٹ سایلہ معرفت بالکی وکیل

متفرقات

نمبر ۶۵

متعلقہ [illegible]

بدرخواست مہلت چار ہفتہ

خداوندان نعمت سلامت

بمقدمہ لطف علی وغیرہ اپیلانٹان راجہ خیراتی لعل رسپانڈنٹ قضا الہی سے مرگیا ابتک کوئی وارث

مگر گذارش یہہ ہی کہ سوای اس ایک آنہ چارپائی حقیت متدعویہ کے
ایک آنہ چارپائی حقیت اسکی جسپر کہ مدعی بذریعہ ہبہ کے قابض ہے
بدستور مالکانہ قابض رہیگا رنجیت اپیلانٹ کو اوسکی نسبت کسیطرح کا
دعوی مواخذہ نہ اب ہی اور نہ آیندہ ہوگا ۱۷ جنوری ۱۸۶۶ع

Repealed

نمبر ۶۳

خداوندان فصاحت سلامت

مقدمہ اپیل خاص ہم اپیلانٹان بنا راضی حکم
صاحب جج بہادر مصدرہ ۲۱ فبروری ۱۸۶۵ع بنام لچھمن و
رام لعل رسپانڈنٹان اس عدالت مین بلمبر ۱۳۱ اپیل خاص ۱۸۶۵ع
دایر و زیر تجویز ہی چونکہ اس مقدمہ مین بذریعہ ثالثی فیصلہ نزاع فریقین کا
ہوگیا تہا اوسکو صاحب جج بہادر نے بوجہہ بیضابطگی نامنظور فرمایا ہے
لہذا اپیلانٹ چارہ جوئی اپنی نالش ہنری کرینگے یہہ مقدمہ
اپیل خاص بلا تجویز خارج فرمایا جاوے مرقومہ ۶ ستمبر ۱۸۶۵ع

نمبر ۶۲

خداوندان انصاف سلامت

مقدمہ اپیل خاص نمبری ۱۰۴۰ ۱۸۶۵ء ہر رنجیت سنگھ
اپلانٹ بنام ہم ہا سکھی مدعی رسپانڈنٹ تعین للعہ ۲۰۰ کے اس عدالت
مین دائر ہی اب فیمابین فریقین تصفیہ اسمقدمہ کا اسطور پر ہوا
کہ منجملہ ایک آنہ چار پائی شئے متدعویہ ایک آنہ حق ہم سکھی
و چار پائی حق ہم رنجیت سنگہ مدعا علیہ کا قرار پایا بقیہ مطالبہ خرچہ
و واصلات آئندہ وغیرہ سے فریقین کو کچہ مواخذہ باقی نرہا
مطابق اس صلحنامہ کے ترمیم فیصلہ ضلع ایک آنہ کے ڈکری مدعیکو
دی جاے اور بابت چار پائی کے بقیہ دعوی مدعی ڈسمس ہو
اور خرچہ فریقین ذمہ فریقین فرمایا جاوے اب کچہ مواخذہ بابت
واصلات آئندہ و خرچہ وغیرہ کے باقی نہین ہی اسبارہ آئندہ سے
مدعی ایک آنہ قبضہ اپنا کر لیوے فقط ۱۷ جنوری ۱۸۶۶ء عیسوی

نمبر ۱۶

نمبر ۱۶ اپیل خاص ۱۸۶۵ع

بحضور خداوندان الصادقان سلامت

مقدمہ جس رام مدعا علیہ اپیلانٹ بنام موتی رام وغیرہ مدعی رسپانڈنٹ کہ بصیغہ اپیل خاص دایر محکمہ معظمہ ہوا تھا آجکی تاریخ مین عدم پیروی مین خارج فرمایا گیا خداوندا فدوی وکیل اپیلانٹ کا ہی اور اول وقت اجلاس سے حاضر کچہری ہی اہی واسطے پینے پانی کے محکمہ سے باہر گیا تھا اور فورًا جسوقت چپراسی نے خبر دیا حاضر ہوا اور پکارے جانے نمبر کی نہین سنا والا ممکن نہا کہ حاضر ہونے مین قاصر رہتا امید وار ہون براہ خداوندی مقدمہ نمبر پر قایم فرما کر فیصل فرمایا جاوی واجب تہا عرض کیا فقط المرقوم ۹ مئی ۱۸۶۶ع

العبد

احمد علی وکیل

نمبر ۲۳ اپیل خاص ۱۸۶۵ء

دعوی بیع

خداوندان الصناسلامت

ہرگاہ کہ صاحب ڈپوٹی کلکٹر نے سماعت اور تجویز اسمقدمہ کا حسب منشاء دفعہ ۹ اکٹ ۱۴ سنہ ۱۸۶۳ء کے کیا تہا تو یہہ تجویز کہ صاحب ڈپوٹی کلکٹر کو اختیار سماعت اسمقدمہ کا نہتا خلاف قانون ہے مذکورہ بالا ہی صاحب ڈپوٹی کلکٹر مجوز مقدمہ نے بصیغہ بندوبست تقرر لگان کا کیا تہا کہ جسکی بنسبت اپیل خاص بجانب ہم سایل کے داخل ہوئی تہی اور کوئی حکم مہتمم بندوبست قبل صدور تجویز ڈپوٹی کلکٹر موصوف کے صادر نہین ہوا معروضہ ۲۸ مئی سنہ ۱۸۶۶ء

العبد

ہری رام اپیلانٹ سایل معرفت پیاری موہن بانوجیہ وکیل

نوٹ تعدادی بہت سینہین صاحب کلکٹر بہادر کو جسقدر

توقف ہوا اوسکے سود کا ذمہ دار اپیلانٹ نہین ہو سکتا ہے

تاریخ داخل ہونے نوٹ سے سود لگانا بیجا ہی یکم دسمبر ۱۸۶۴ع سے

یعنی جبکہ روپیہ جمع ہونیکی اطلاع کلکٹری عدالت مین ہوئی سود

لگانا چاہیے فقط معروضہ ۷ اپریل ۱۸۶۶ع

العبد

محمد مہدی حسین وکیل و مادہورام وکیل

نمبر ۶۰

درخواست تجویز ثانی اوپر فیصلہ اسعدالت معظمہ مجوزہ

ولیم فرانسس بایل پیرسن صاحب حاکم و رابرٹ اسپنکی صاحب

قایمقام حاکم صدر مورخہ ۱۹ فبروری ۱۸۶۶ع بمقدمہ ہری رام

اپیلانٹ سایل بنام راو خوشحال سنگہ مدعا علیہ رسپانڈنٹ

ذیل مین گذارش ہی ۞

اور نہ اوس مطابق احکام اجرا ہوئے ہو وہ درخواست حافظ
میعاد کسو قانون سے نہین ہو سکتی امید کہ بملاحظہ مسل داد
معدلت بخشی جاوے فقط

العبد

پادو سیانہ قوم چوبی سایان بعلم تو نسبت سے مختار

مورخہ ۲۸ نومبر ۱۸۶۵ع

سنہ ۵۹ مر

اپیل عام متفرقہ بتعین ۱۲ ار ابا پی

ہنومان پرشاد ڈکریدار اپیلانٹ * بنام لالہ رام دیال سنگہ
سربراہ کار علاقہ راج بستی مدیون *

اپیلانٹ مذکور بنارا ضئ تجویز صدر الصدور ضلع
گورکہپور موقوعہ ۱۱ جنوری ۱۸۶۶ع
عدالت دیوانی صدر مین بوجوہ ذیل گذارش کرتا ہون
پہلی تجویز مذکور اس وجہ سے خلاف قانون ہی کہ فرو خت

نمبر ۸۹

درخواست بموجب دفعہ ۳۶۵ ایکٹ ۲۳ سنہ ۱۸۶۱ع

یادو سیا نہ قوم چوبے ساکنان متھرا سپیلان بنام شنکر چوبی ڈگریدار ساکن متھرا انبار اضی حکم صاحب جج بہادر اگرہ مصدورہ ۲۹ اگست سنہ ۱۸۶۵ع

بوجوہ ذیل

بموجب دفعہ ۲۰ ایکٹ نمبر ۱۴ سنہ ۱۸۵۹ع اور دفعہ ۲ ایکٹ ۱۱ سنہ ۱۸۶۱ کے میعاد اجرای ڈگری ہذا ختم ہو چکی تہی کہ باطاعت احکام قوانین مذکور صدر الصدور نے ڈگری کو خارج کیا عند الاپیل صاحب جج بہادر نے بدین حکم کہ اجرای ایسی ڈگریات کے لئے بارہ برس کی میعاد تہی مقدمہ بتجویز ثانی کو بہیجا کہ یہ حکم خلاف ضابطہ و قانون ہی * جو درخواست ڈسمبر سنہ ۱۸۹۴ع مین گذری محض غیر صحیح تھی اور کچہ پیروی بہی نہین ہوئی

مدعیہ خلاف قانون ہی *

ڈگری بابت واصلات بلا تجویز ثبوت خلاف قانون ہی فقط

تجویز ضلع کی اس وجہہ سے خلاف قانون ہی کہ بحق رسپانڈنٹان

نمبر ۳ و ۴ وارث مدعیہ متوفیہ جنکا قبضہ مخالفانہ تجویز عدالتین ضلع سے

نسبت حقیت متنازعہ کے بذریعہ انتقالات متعدد واضح ہی تجویز ڈگری

دعوی خلاف قانون ہی *

مگر یہہ کہ ڈگری و تجویز مرافعہ اول اس مقدمہ کے ہمقدمہ اپیل خاص

ہم اپیلانٹان نمبری ۱۲۰ منفصلہ عدالت ہذا ۱۷ جنوری

۱۸۶۵ء شامل ہی ملاحظہ ہو رسپانڈنٹان نمبر ۳ و ۴ کا

نام غلطی سے ضلع کے ڈگری مین مندرج نہین وہ درحقیقت

رسپانڈنٹان اپیلانٹان ہین اور سابق بھی اسمقدمہ مین رسپانڈنٹ

تھے لہذا اب بھی اونکو رسپانڈنٹ قرار دیا گیا فقط

معروضہ ۱۶ فبروری ۱۸۶۶ء العبد غلام سبطین وکیل

ساکنان قصبہ امروہہ ضلع مرادآباد

.... ریسپانڈنٹان

مدعا علیہم اپیلانٹان مذکور الصدر بناراضی فیصلہ جناب صاحب جج بہادر ضلع مرادآباد مورخہ ۲۱ اکتوبر ۱۸۵۶ء عدالت دیوانی صدر مقام اگرہ بوجوہ ذیل اپیل کرتے ہین *

فیصلہ مرافعہ ثانی اس وجہ سے خلاف قانون ہے کہ مدعیہ کی دعوی مین تاریخ تحریر وثیقہ استغراق دینمہر مورخہ پنجم رجب ۱۲۵۸ھ نوشتہ حسین بخش متوفی پدر مدعیہ اور ۱۸۵۱ء زمان فوت مسماۃ ولایت النسا مادر مدعیہ سے بہ ثبوت بیدخلی کے برعایت ضمن ۹ و ۱۰ اکٹ ۱۴ ۱۸۵۹ء تمادی ایام عارض ہے *

تجویز مرافعہ ثانی اس وجہ سے خلاف قانون ہے کہ بلا تجویز صحت وعدم صحت وثیقہ دینمہر و فیصلہ مادر مدعیہ عوض دینمہر بین المیعاد مد سماعت قوانین سابقہ و حال ڈگری بحق

ضلع کی خلاف قدر و داد کی ہی فقط

دوسرے یہہ کہ اپیلانٹ ذمہ دار زر متنازعہ کا نہیں ہی جو کہ باقی واجب براوے اوسکے ذمہ دار جایداد متوفیہ ہی نہ اپیلانٹ

تیسرے یہہ کہ برامد باقی ثابت نہیں ہی اور ادا ہو جانا زر متنازعہ کا ازروے حساب اور وصول کے ثابت ہے تجویز ضلع کی خلاف رو داد کے ہی معروضہ ۲۱ اپریل ۱۸۶۶ع

مسئلہ

بابت

اپیل خاص نمبر ۲۸۲ سنہ ۱۸۶۶ع تعیین مبلغ

مع اللعہ

الراپاپی

ساہو مکند رام و پرشاد و رام جی جی رام ساکنان قصبہ نہاکر دواره و سید ظہور حسین ساکن قصبہ امروہہ ضلع مرادآباد کا ملازم اپیلانٹ	ستاتان زینب و کنیز و کلثوم ہمشیرہ و سمیان ضرغام الدین و کرار بخش برادران وارثان سمات سکینہ بنت حسین بخش مدعیہ متوفیہ

نمبر ۵۶

اپیل عام نمبر ۱۵ سنہ ۱۸۶۶ع بتین

الماس جٹ

مسٹر ولیم ہاپسن صاحب مدعا علیہ اپیلانٹ	مسٹر جیمس کین صاحب بذات خود ومختار نابالغ بی بی فرانسس کاتر دختر فارلس صاحب قوم انگریز ساکن کیمپ میرٹھ مدعی رسپانڈنٹ

بنام

اپیل عام نباراضی فیصلہ جناب صاحب جج بہادر ضلع میرٹھ مصدرہ ۱۲ جنوری سنہ ۱۸۶۶ع کی عدالت عالیہ صدر آگرہ مین بوجوہ ذیل کرتا ہون

ایک یہہ ہی کہ دعوی رسپانڈنٹ کا رو داد سے ثابت نہین ہی تجویز

سود لغایت ۳۱ اکتوبر ۱۸۶۹ع سود یکم نومبر ۱۸۶۹ع

لغایت ۱۵ جون ۱۸۷۰ع

بحساب فی صدی ۸ روپیہ اوپر رقم

اصل کے

وصول

اصل

مجرائی سود بابت

اصل رقم وصول

اصل و سود حسب تفصیل ذیل واجب الادا ہے چند بار مدعا علیہا صاحبہ سے بحیثیت چٹھیات روپیہ طلب کیا تو ون اونکی جوابات مین متعزز قرضہ کے ہوئے کہ چٹھیات دستخطی مدعا علیہ صاحبہ مورخات ۱۲ ستمبر و نومبر ۱۸۶۱ء و ۲۷ اگست ۱۸۶۲ء کہ جسمین صاف اقرار واجب الادا ہونے روپیہ کا مندرج ہے ہمراہ عرضی دعوے گذرانتا ہون اور چونکہ مدعی جانب بی بی فرانسس کانٹر بی بی جین فارگسن صاحبہ متوفی سے مختار بھی ہے لہذا دعوی ہذا بذات خود اور از جانب بی بی فرانسس مختار جین فارگسن صاحبہ کے رجوع لا کر امیدوار کہ ڈگری دعوی معہ خرچہ عدالت وسود آیندہ صادر ہو فقط

صہ ۱۸؍

صہ اصل باقی مندرجہ سود

کتاب لغایت ۱۴ اپریل ۱۸۶۲ء

نمبر ۵۵

مسٹر جمس کین صاحب بذات خود و مختار تمار جانب بی بی فرانسس
کاسٹر دختر جین فارگسن قوم انگریز ساکن کپیسر ...... مدعی
ولیم ہاپسن صاحب قوم انگریز مقیم کوہ منصوری ...... مدعا علیہ
دعوی دلاپانے مبلغ للعہ زر اصل
وسود حسب تفصیل ذیل بموجب کاغذات انگریزی
عرضی بیرسٹر

بیان دعوی یہہ ہی کہ مدعی اور بی بی جین فارگسن
ایک کارخانہ چمڑہ مین نصفا نصف کے شریک تھے بزمان اجرای
کارخانہ مذکور کے مدعا علیہ صاحب نے کارخانہ مسطور سے صحت
روپیہ یون یعنے قرض لیا کہ کتاب شرکت کارخانہ مسطور مین
لغایت ۱۴ اپریل ۱۸۶۲ع بدرباقی بنام مدعا علیہ مندرج ہین
منجملہ اوسکے مدعا علیہ صاحب سے ارقام وصول ہوئے ہو باقی زر

ششیوک چوبے جملہ ۲ بائی انگریزی چار کوڑی
جمعی نمبر ۲ کا مبلغ للعہ بعوض مبلغ صما پانسو روپیہ کے بدست درگپال
چوبے و جوکھو چوبے مشتریان ساکنان موضع بیری مذکور کے
ہین ہملوگ بیع کامل کرکے بوصول زر ثمن قبضہ دخل
مبیعہ پر بجای اپنے مشتریان مذکوران کا ہملوگنے کرا دیا
اب تکملہ داخل خارج کا باقی ہی لہذا درخواست
ہذا حضور مین گذران کر امیدوار ہون کہ تکملہ داخل
خارج کا فرمایا جاوے و پروانہ معمولی اجرا ہووے

[illegible]

نمبر ۵

درخواست داخل خارج

غریب پرور سلامت

منجملہ دو وبست موضع ہیری چک گوپال پور

متعلقہ سلطانی پور پرگنہ کہیرکی موازی ۲ پائی انگریزی سوا

پانچ کوڑی حق حصہ زمینداری جمعی للعہ سرکار کا مبلغ صہ شمول

حصہ شیو جگت چوبے حصہ دار سیو کے از ان مملوکہ

ومقبوضہ ہلوک بہوانی شیوک چوبے وسماۃ مونگا کا ہی چنانچہ

منجملہ حق حصہ زمینداری مذکور کے نصف حصہ زمینداری

ایک پائی انگریزی و سوا کوڑی جمعی للعہ سرکار عصہ مع مال وسایر

وسیر وکاشت اپنا بنام سماۃ مونگا زوجہ رام ہرکہہ چوبے بالکل

حق حصہ زمینداری ۲ پائی پونے تین

کوڑے انگریزی جمعی للعہ سرکار کا مبلغ عصہ

مع مال وسایر وسیر وکاشت اپنا بنام بہوانی

حقیت متنازعه بعوض دو هزار روپیه کے پاس اپیلانٹ رہن ہے
تو باستحقاق مرتہن ہی مقدم حق نسبت شفعه سوای اپیلانٹ
اور کسیکا نہین ہے تیسرے یہہ کہ فرض بہی کیا جاوے کہ اپیلانٹ
زمینداران موروثی دیہہ ہذا سے نہین ہی تب بہی بمقابلہ مسمیان
کیرتہہ کے زیادہ تر استحقاق رکہتا ہی کیونکہ مشتری حال موضع
دائرہ مین رہتا ہی اور نہ کسیقدر حقیت دار اس دیہہ مین ہے
مگر محرومی طالع اپیلانٹ سے کچہ التفات اوپر عذرات اپیلانٹ کے
نہین ہوا اسواسطے امیدوار ہون کہ بحکم طلبی مسل مقدمہ منسوخی
حکم ماتحت داد معدلت بخشی جاوے فقط

عرضی فدوی [illegible] ساکن [illegible] علاقہ [illegible] جون سنہ ۱۸۶۲

حکم ہوا بترسیل نقل اس عرضی کے مسل اس مقدمہ کی سررشتہ کلکٹری سے طلب ہوے مورخہ ۲ جون سنہ ۱۸۶۲ ع

نمبر ۵۳

عرضی سب پرورسلی

Selected

بنا راضی حکم جناب صاحب کلکٹر بہادر مصدرہ
سنہ ۱۸۶۳ع مشعر نامنظوری حق شفعہ موجبات اپیل اوپر عذرات
ذیل کے حضور مین بامید حق رسی اپنی گذرانتا ہون اول یہہ کہ
خود صاحب کلکٹر بہادر تجویز اپنی مین تحریر فرماتے ہین کہ عذردار زید
موروثی دیہہ سے نہین ہی بلکہ مشتری ہی پس مقام غور کا ہی کہ باپ فدوی
اور بعد وفات اوسکے فدوی بذریعہ بیع عرصہ چالیس برس سے اوپر
دیہہ ہذا کے قابض ہی تو پہر موروثی ہونے دادخواہ مین کون شک باقی رہا
کیونکہ اپیلانٹ بوراثت باپ اپنے کے قابض حقیت مبیعہ ہوا ہی اور جبکہ
اپیلانٹ حقیت دار بذریعہ بیعنامہ دیہہ ہذا مین قرار پاچکا تو حسب
شرایط واجب العرض محرومی دادخواہ نسبت حق
شفعہ سراسر خلاف انصاف ہی دوسرے یہہ ہی کہ

منجملہ ۱۳ بسوہ اون کے صرف مین ہی حقیت دار ۸ بسوہ کا ہون اور
جو ۷ بسوہ حقیت دار ناتھو رام سے رضامند ہین اوسمین صرف
ناتھو رام ایک بسوہ کا حقیت دار ہی اِسصورتمین فدوی حقیت دار
بہ نسبت ناتھو رام کے زیادہ بسوے کا ہی الضاً اوسکا تعلق حضور ہی
دوسرے یہہ کہ لیاقت ایسی بہم کہ چھہ سات موضع خاص زمینداری
میرے مین ہین اور ہزار ہا روپیہ کا دین لین کرتا ہون اور ۱۳ بسوہ
